© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف وتبصرہ کتب

**نقشِ دوام** | تالیف، جناب انظر شاہ مسعودی۔ صفحات ۴۶۷۔ قیمت ۹۰ روپے

ناشر:۔ فیمس بکس، الوہاب مارکیٹ، اردو بازار۔ لاہور

امام العصر مولانا محمد انور شاہ کشمیری ان عبقری شخصیتوں میں سے تھے جن کا فیض عالمگیر اور محبوبیت عام قلوب کی ۔۔ ہوتی ہے جو صدیوں میں پیدا ہوتی ہیں اور صدیوں کو علم و فضل سے رنگین کر جاتی ہے۔ اکابر علماء اور تلامذہ انہیں ۔پھرتا کتب خانہ کہا کرتے تھے۔ علم میں اپنی مثال آپ تھے۔ علمی حیثیت سے بھی ہمہ جہت نور میں ڈھلے ہوئے تھے۔ ۔ے چہرۂ انور کو دیکھ کر غیر مسلم بھی یہ کہنے پر مجبور ہوئے کہ "اگر اسلام مجسم صورت میں آتا تو وہ علامہ انور شاہ کشمیری ۔ورت میں ہوتا۔ محدث العصر علامہ بنوری کی عربی میں مولانا مرحوم پر عظیم سوانح " نفحۃ العنبر " اور متعدد اردو ۔یحات کے ہوتے ہوئے بھی ایک مکمل مفصل جامع وحاوی اور قابلِ وثوق تذکرہ و سوانح کا قرض تاہنوز مرحوم ۔وسلین کے ذمہ تھا۔ خدا جزائے خیر دے مولانا انظر شاہ مسعودی کو جنہوں نے " صاحب البیت ادری بما فیہ " ۔پیشِ نظر یہ فرض بطریق احسن نبھایا۔ اور اس میں کامیاب بھی ہوئے اور نقشِ دوام ایسی لکھی کہ جہاں سے ۔ع کیا جائے دل گواہی دیتا ہے کہ " جا ایں جا است " پھر اندازِ تحریر بھی ایسا کہ سمندر ول کو کوزہ میں بند کر دیا ۔ہے۔ کتاب کے مطالعہ سے صاحبِ سوانح کی عظمت و تاریخ سے آگاہی کے ساتھ ساتھ دارالعلوم دیوبند اور بہت ۔ظیم علمی ہستیوں کا تعارف بھی حاصل ہو جاتا ہے۔

پیشِ نظر کتاب کسی ایک بھی علمی حصہ کی تاریخ نہیں بلکہ علوم و کمالات کے بہت سے گوشوں کی تاریخ ہے قارئین اس کی بھرپور قدر کریں گے۔ (ع ق ح)

**تدقیق الکلام۔ جلد اول** | تالیف۔ شیخ الحدیث مولانا عبدالقدیر صاحب۔ صفحات ۲۴۴۔ قیمت ۶۰ روپے

ناشر۔ کتب خانہ رشیدیہ، مدینہ مارکیٹ۔ راجہ بازار۔ راولپنڈی

متنوع اور متعدد فروعی اور اختلافی مسائل میں سے ایک مسئلہ قرأت خلف الامام یا ترک القرأت خلف الامام ۔ی ہے۔ جو عہدِ نبوت سے تاہنوز اختلافی چلا آرہا ہے۔ مگر بعض نادان دوستوں نے اس میں نہایت غلو اور تعصب



© rasailojaraid.com